خصوصی شمارہ

صدائے جوہر

بزم طلبہ شعبہ اسلامک اسٹڈیز کا ترجمان

THE ROLE OF JAMIA IN NATION BUILDING

ملک کی تعمیر وترقی میں جامعہ کا کردار

جامعہ ملیہ اسلامیہ

صدائے جوہر

بزم طلبہ شعبہ اسلامک اسٹڈیز کا ترجمان

مجلس ادارت

سرپرست:
پروفیسر ڈاکٹر سید شاہد علی

مشیر:
ڈاکٹر محمد مشتاق

مینجنگ ایڈیٹر: محمد ابراہیم خان

ایڈیٹر: سجاد علی

سب ایڈیٹر
علیزہ اعظمی

جوائنٹ ایڈیٹر
اقراء طاہر

اسسٹینٹ ایڈیٹر
محمد اکرم، علیزہ خان

* مضمون نگار کی رائے سے شعبہ اسلامک اسٹڈیز اور بزم طلبہ کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

بزم طلبہ شعبہ اسلامک اسٹڈیز کا ترجمان

صدائے جوہر

2020-21

شعبہ اسلامک اسٹڈیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

فہرست مضامین

پیغام	صدر شعبہ	5
پیغام	مشیر بزم طلبہ	6
اداریہ	سجاد علی	8
گاندھی، عدم تعاون تحریک اور جامعہ	علیزہ اعظمی	9
جامعہ اور شعبہ اسلامک اسٹڈیز	محمد ابراہیم خان	11
صحافت میں جامعہ کا کردار	محمد رفیع	13
اردو زبان و ادب میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی خدمات	محمد حسین	16
جامعہ کی صد سالہ تاریخ کا تجزیاتی مکالمہ	محمد یوسف نظامی	19
ملک کی تعمیر و ترقی میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کا کردار	فرحا تبسم	25
ناقابل فراموش		
فلمی دنیا میں جامعہ کی خدمات	راحت امام	27

Content

WHAT JAMIA'S PAST TELLS US?
IQRA TAHIR
(B. A. Final year)
PageNo.29

IS JAMIA ANTI-NATIONAL?
MARIYA ASIM
(B.A. Final year)
PageNo.37

INVENTIVENESS OF JAMIA
NUSRAT IQBAL AKHOON
(B.A. final year)
PageNo.42

CONTRIBUTION OF JAMIA MILLIA ISLAMIA IN SPORTS
SHAMA FIROGAN
(M.A. final year)
PageNo.44

ESTABLISHMENT OF JAMIA AND ITS PURPOSE
NIKHAT ZAFAR
(M.A, Final year)
Page No. 50

بسم الله الرحمن الرحيم

JAMIA MILLIA ISLAMIA
(A Central University by an Act of Parliament)
Maulana Mohammad Ali Jauhar Marg, New Delhi-110025

जामिया मिल्लिया इस्लामिया
(संसदीय अधिनियमानुसार केन्द्रीय विश्वविद्यालय)
मौलाना मुहम्मद अली जौहर मार्ग, नई दिल्ली-११००२५
E-mail : mlshaque@jmi.ac.in, Website : jmi.ac.in

جامعہ ملیہ اسلامیہ
(پارلیمانی ایکٹ کے تحت ایک مرکزی یونیورسٹی)
مولانا محمد علی جوہر مارگ، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵

Department of Islamic Studies
Jamia Millia Islamia, New Delhi - 110025

डिपार्टमेंट आफ इस्लामिक स्टडीज
जामिया मिल्लिया इस्लामिया, नई दिल्ली-११००२५

شعبۂ اسلامک اسٹڈیز
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵

Message of the Head

Knowledge means "Understanding". This understanding is required in thoughts, words and deeds. In the domain of knowledge we learn something, we unlearn something and we relearn something. Life Long Learning and All sides learning are the key for success. The formula to achieve success is:

Will + Beginning + Persistence = Result_ People do not lack strength they lack will. Beginning is always the toughest part of any work. Persistence unlocks potential and converts hardship into ease. Persistence is making small efforts each day, be patient with the process and focus on the path not the destination.

Nothing changes if nothing changes. If you do what you did, you will get what you got. Success is based on Mindset. The following approaches in mindset invite success:

I do what I think. I am Smart like me. I never fail, either I win or I learn. I Love what I do. I am what I do repeatedly.

I don't have to attend every argument I am invited to. I learn once and apply always. I always act never react. I forget the past, remember the lesson. I am very selective with who I am bad with. I don't harm others with my tongue and hands. I make my Life better not by chance but by change. I stop & reflect on my Life Choices. I teach myself.

I keep my mind with my body. I am insignificant in my own eyes. I stick to my Plan. I know when to start and when to stop. I know when to speak up and when to shut up. I know when to attach and when to detach. I know when to push myself or when to rest myself. I focus on myself not others. I compete with myself. I analyze or re-analyze my wants and needs. I forgive but never forget. I don't care what other people think. I am a combination of Selflessness and Selfishness. I Love all but Trust a few. I have a keen Eye for detail. I believe in myself. I am Patient.

I only complain my suffering and my grief to Allah. I put God first; everything falls into their proper place.

Prof. Dr. Syed Shahid Ali

JAMIA MILLIA ISLAMIA
(A Central University by an Act of Parliament)
Maulana Mohammad Ali Jauhar Marg, New Delhi-110025

जामिया मिल्लिया इस्लामिया
(संसदीय अधिनियमानुसार केन्द्रीय विश्वविद्यालय)
मौलाना मुहम्मद अली जौहर मार्ग, नई दिल्ली-११००२५
E-mail : mishaque@jmi.ac.in, Website : jmi.ac.in

جامعہ ملیہ اسلامیہ
(پارلیمانی ایکٹ کے تحت ایک مرکزی یونیورسٹی)
مولانا محمد علی جوہر مارگ، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵

Department of Islamic Studies
Jamia Millia Islamia, New Delhi - 110025

डिपार्टमेंट आफ इस्लामिक स्टडीज़
जामिया मिल्लिया इस्लामिया, नई दिल्ली-११००२५

شعبۂ اسلامک اسٹڈیز
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵



پیغام

مجلہ صدائے جوہر کا خصوصی شمارہ جو ''ملک کی تعمیر وترقی میں جامعہ کا کردار'' کے موضوع پر شائع ہوا ہے، حاضر خدمت ہے۔صدائے جوہر شعبہ اسلامک اسٹڈیز کا ایک دیواری مجلہ ہے،جس کے ذریعے یہ کوشش ہوتی ہے کہ طلبہ وطالبات میں مضمون نویسی کا ذوق پیدا ہواوران کے اندرزبانِ قلم سے اپنی بات کہنے کا سلیقہ پیدا ہوجائے۔صدائے جوہر کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ یہ مجلہ اپنے مشن میں بڑی حدتک کام یاب ہے، بہت سے طلبہ نے اس رسالے میں مشق و ممارست کر کے اپنی لکھنے کی خوابیدہ صلاحیتوں کو بیدار کیا اور پھر قرطاس وقلم کی دنیا سے وابستہ ہو گئے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ ملک کا ایک نامور تعلیمی ادارہ ہے۔رواں سال میں اس ادارے کے قیام کو ایک صدی مکمل ہو رہی ہے۔سو سال کے اس طویل دورانیے میں ملک وقوم کی تعمیر وترقی میں اس ادارے کی گراں قدر خدمات رہی ہیں۔ملک کی آزادی میں بھی اس ادارے نے نمایاں خدمات انجام دیں ہیں اور آزادی کے بعد ملک وسماج کی تعمیر میں نمایاں کردار ادا کیا۔مجھے خوشی ہے کہ بزم طلبہ،شعبہ اسلامک اسٹڈیز نے ''ملک کی تعمیر وترقی میں جامعہ کا کردار'' کے عنوان سے صدائے جوہر کا خصوصی شمارہ شائع کرنے کا ارادہ کیا ہے۔یہ بڑا مبارک اور خوش آئند اقدام ہے۔اس سے جامعہ کی تاریخ کا ایک اہم باب لوگوں کے سامنے آئے گا اور مزید کام کرنے والوں کو حوصلہ ملے گا۔میں اس شمارے میں تعاون دینے والے تمام طلبہ وطالبات کو مبارک باد دیتا ہوں کہ انہوں نے بہت بروقت اور بڑا مناسب فیصلہ کیا ہے،ساتھ ہی میں امید کرتا ہوں کہ صدائے جوہر کے اس شمارے کے ذریعے جامعہ کی سنہری تاریخ کے جو پہلو اور جو آفاق وگوشے منصۂ شہود پر آئیں گے وہ بعد والوں کے لیے حوالہ بن جائیں گے۔

Mushtaq

ڈاکٹر محمد مشتاق
مشیر،صدائے جوہر

اداریہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا قیام ۱۹ اکتوبر ۱۹۲۰ میں علی گڑھ میں ہوا۔ جامعہ کا قیام اس وقت ہوا جب ہندوستان میں تحریک آزادی شباب پر تھی اور ملک کی عوام سامراجی قوتوں کے ظلم و جبر کے خلاف متحد ہو چکی تھی۔ گاندھی جی کی قیادت میں تحریک عدم تعاون شروع ہوئی اس تحریک کا بنیادی مقصد تھا کہ ملک کی عوام حکومت سے عدم تعاون کرے، بدیسی مال نہ خریدے، سرکاری تعلیمی اداروں کا بائیکاٹ کرے، سرکاری ملازمت ترک کرے، غرض یہ کہ ہر سطح پر حکومت مخالف رویّہ اپنا کر یہ دباؤ بنائے کہ حکومت برطانیہ انہیں آزادی دے۔ اسی کے ساتھ اس زمانے میں ترکی میں خلافت اسلامیہ کو ختم کیا جا رہا تھا چونکہ یہ بھی برطانوی سامراجی عناصر کر رہے تھے اس لیئے ہندوستان میں بھی خلافت کے بقا کیلئے تحریک چلی اس تحریک کے قیام کے محرک وہ طلبہ ہوئے جو خلافت کانفرنس اور تحریک عدم تعاون سے اتفاق رکھتے تھے اس ادارے کے قیام میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی جو اس وقت کالج کا درجہ رکھتی تھی کی فضا کا بہت عمل دخل رہا ہے یہاں کے طلباء یونین ہال میں جلسہ کر کے تحریک آزادی، خلافت کانفرنس اور تحریک عدم تعاون پر اتفاق کر کے ادارے پر یہ دباؤ بنانے لگے کہ اس ادارے کو بھی سرکاری سرپرستی سے آزاد کرایا جائے چنانچہ انکی آواز کا اثر کالج کے ذمہ داران پر تو نہیں ہوا البتہ طلبہ کی ایک بڑی تعداد نے اسکی حمایت کی اور ادارے کو خیر آباد کہہ دیا ایسے ہی طلبہ کی تعلیمی ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے مولانا محمد علی جوہر کی قیادت میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بنیاد علی گڑھ میں رکھی گئی چار سال یہ ادارہ علی گڑھ میں رہا پھر ۱۹۲۵ء میں حکیم اجمل خان کے مشورے پر اس ادارے کو قرول باغ دہلی میں منتقل کیا گیا ۱۹۳۵ میں قرول باغ سے منتقل کر کے موجودہ جگہ پر آیا اور ۱۹۶۲ میں جامعہ کو گرانٹ کمیشن کی طرف سے ڈیمڈ یونیورسٹی کا درجہ دیا گیا اور ۱۹۸۸ میں ہندوستان پارلیمنٹ نے ایک ایکٹ کے ذریعے اس کو مرکزی یونیورسٹی کا درجہ دے دیا اس ادارے کے قیام میں جن رہنماؤں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا انکے نام یہ ہیں مولانا محمد علی جوہر، شیخ الہند مولانا محمود حسن، مہاتما گاندھی، اور حکیم اجمل خان وغیرہ

اس ادارے کے قیام کو اب سو سال ہو رہے ہیں اپنے اس صد سالہ سفر میں اس نے بڑے سرد و گرم حالات دیکھے اور مشکلات سے جھوجھتے ہوئے بڑی ترقی بھی کی اس وقت اس ادارے میں کل نو فیکلٹیاں ہیں جن میں مختلف علوم و فنون کی تعلیم دی جاتی ہے مثلاً قانون، تعلیم، سائنس، سوشل سائنس، انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، ہیومینیٹیز اینڈ لینگویجز، آرکیٹیکچر، اور ڈینٹسٹری وغیرہ۔ ان فیکلٹیز کے مختلف شعبوں میں گریجویشن سے لیکر پی ایچ ڈی تک کی تعلیم دی جاتی ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ ایک تعلیمی درسگاہ نہیں بلکہ مختلف علوم و فنون کا ایک ایسا گہوارہ ہے جسے اسلاف نے خون جگر دے کر سینچا ہے جن کی محنتوں اور کوششوں کے بدولت آج جامعہ ملیہ اسلامیہ پوری دنیا میں ایک الگ شناخت رکھتا ہے۔ جامعہ سے تعلیم حاصل کر کے ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں افراد اندرون و بیرون ملک میں جہاں برسر روزگار ہیں وہیں قوم و ملت کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

جامعہ کا یہ امتیاز بھی قابل ذکر ہے کہ جس مقصد کے تحت جامعہ کا قیام عمل میں آیا وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جامعہ ان تمام مقاصد کو پورا کرتے ہوئے بڑی تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ یاد رہے کہ رواں سال جامعہ ملیہ اسلامیہ کی صد سالہ تقریبات کا سال ہے اسی لیئے صدائے جوہر کی بزم ادارت نے یہ طے کیا ہے کہ اس موقع پر صدائے جوہر کا خصوصی شمارہ "ملک کی تعمیر و ترقی میں جامعہ کا کردار" کے عنوان سے شائع کیا جائے تا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کی دور حاضر میں جو تعلیمی خدمات ہیں وہ طلبہ کی تحریروں کے ذریعے منظر عام پر آسکیں مجھے قوی امید ہے کہ یہ دیواری رسالہ اپنے اس مقصد میں کامیاب ہوگا۔ اس رسالے کی ترتیب پر میں سب سے پہلے اللہ رب العزت کا شکریہ ادا کرتا ہوں جس نے یہ راہ آسان کی اور آج یہ رسالہ ہم آپکی خدمت میں پیش کر رہے ہیں اس کے بعد میں بزم طلبہ کے صدر پروفیسر سید شاہد علی، صدر شعبہ اسلامک اسٹڈیز، ایڈوائزر ڈاکٹر مفتی محمد مشتاق تجاروی صاحب سر کا ممنون و مشکور ہوں جن کا تعاون اور رہنمائی مجھے برابر ملتی رہی میں اس موقع پر اپنے جملہ اساتذہ کا بھی شکر گزار ہوں کے انہوں نے مسلسل میری حوصلہ افزائی کی ہے۔ نیز میں اپنی ٹیم کے ممبران محمد ابراہیم خان، محمد اکرم علی، علیزہ اعظمی، علیزہ خان، اور اقراء طاہر کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے صدائے جوہر کے اس خصوصی شمارے کی تیاری میں تعاون کیا۔

اللہ کا شکر و احسان ہے کہ جسکی توفیق سے یہ دیواری رسالہ پایہ تکمیل کو پہنچا میں ان تمام افراد کا شکر گزار ہوں جن کا تعاون مجھے اس رسالہ میں قدم قدم پر حاصل رہا۔

ایڈیٹر

سجاد علی ایم اے (سال دوم)

علیزہ اعظمی
(ایم اے، سال آخر)

گاندھی، عدم تعاون تحریک اور جامعہ

تعلیم کسی بھی انسان کی زندگی کا سرمایہ حیات ہوتی ہے اور تعلیم کے بغیر انسان اس بھٹکتے ہوئے راہگیر کی طرح ہوتا ہے جسے اپنی منزل مقصود تک پہونچنے کا راستہ ہی پتہ نہ ہو تعلیم کی اہمیت آدم کی تخلیق کے ساتھ ہی مسلم ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آدم کی تخلیق کی تو انھیں اسماء کے نام سکھائے اس کے علاوہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ہر قوم اور ہر زمانے میں اللہ تعالیٰ نے نبیوں کو معلم بنا کر بھیجا تا کہ وہ لوگوں کو راہ حق کی طرف لے آئیں اور اس کے علاوہ حضور صلی االلہ علیہ وسلم پر پہلی وحی کی شروعات اقراء سے ہوئی یعنی پہلی وحی میں بھی پورا زور تعلیم پر دیا گیا اس کے بعد مسلمانوں کی جو حکومتیں قائم ہوئیں جیسے اموی حکومت، عباسی حکومت، سلجوقی حکومت، فاطمی حکومت، ان سب نے تعلیم کے ہر میدان میں اپنا لوہا منوایا لیکن پھر دھیرے دھیرے مسلمانوں کا زوال ہونا شروع ہو گیا اور ہم دیکھتے ہیں کہ ہندوستان میں بھی ۱۸۵۷ کے بعد مسلمانوں کا تعلیمی زوال ہونا شروع ہو گیا اور اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ وہ جو دوسروں کے لیے قابل تقلید تھے اب وہ خود دوسروں کی تقلید کرنے لگے اور ان کے یہاں جدوجہد اور نت نئی ایجادات کا مادہ ختم ہو گیا اور وہ پھر سے اندھیرے میں بھٹکنے لگے لیکن انھیں اندھیرے سے روشنی کی طرف لانے میں اور ان کے اندر تعلیم کا شعور پیدا کرنے میں جامعہ نے ایک اہم کردار ادا کیا ہے جامعہ نے نہ صرف مسلمانوں کے تعلیم کے فروغ میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے بلکہ ساتھ ہی ساتھ اس نے ملک کی قومی یکجہتی کو فروغ دینے میں بھی ایک اہم کردار ادا کیا ہے اور ملک کی قومی یکجہتی کو برقرار رکھنے کے لئے جامعہ اپنی آخری سانس تک کوشش کرتا رہے گا۔

جامعہ کے قیام کی وجوہات

رولٹ ایکٹ ۱۹۹۹: یہ ایکٹ برطانیہ حکومت کے ذریعہ ۱۹۱۹ میں پاس کیا گیا تھا اور اس ایکٹ کے تحت حکومت کسی کو بھی بنا ٹرائیل کے قید کر سکتی تھی اور اس ایکٹ کے خلاف گاندھی جی اور دوسرے لیڈران نے جم کر ہنگامہ کیا۔

جلیانوالہ باغ حادثہ: اس کے بعد ۱۹۱۹ میں ہی جلیانوالہ باغ کا حادثہ بھی پیش آیا جس میں بہت سے گاؤں والے ایک پارک میں اکٹھا ہو کر بیساکھی منا رہے تھے اور ساتھ ہی ساتھ وہ پر سکون طریقے سے دو قومی لیڈران کی گرفتاری کے خلاف احتجاج بھی کر رہے تھے۔

نان کوآپریشن موومنٹ: گاندھی جی نے ۱۹۲۰ میں رولٹ ایکٹ اور جلیانوالہ باغ حادثے کے نتیجے میں نان کوآپریشن موومنٹ کی

شروعات کی جس میں انھوں نے تمام ہندوستانیوں سے درخواست کی تھی کہ برٹش کورٹ ، تعلیمی ادارے ،نوکری اور برطانیہ کی دوسری چیزوں کا بائیکاٹ کریں جس کے نتیجے میں جامعہ کا قیام ہوا جس میں مسلمان قومی لیڈروں نے جن میں حکیم اجمل خان، ڈاکٹر مختار احمد انصاری اور عبدالمجید خواجہ اس بات سے خوش نہیں تھے کہ علی گڑھ برطانیہ کا ساتھ دے جیسا کہ جامعہ کا قیام نان کوآپریشن کی بنیاد پر ۱۹۲۰ میں علی گڑھ میں ہوا اس کے بعد جامعہ ۱۹۲۵ میں قرول باغ میں شفٹ ہوا اور پھر ۱۹۳۵ میں جامعہ کو اوکھلا میں شفٹ کیا گیا

جیسا کہ ہم دیکھتے ہیں کہ جامعہ کی بنیاد ہی نان کوآپریشن موومنٹ کے تحت ہوئی اس لئے جامعہ نے برطانیہ حکومت سے امداد لینے سے ہی انکار کر دیا

قومی یکجہتی کو برقرار رکھنے میں جامعہ کا کردار

قومی یکجہتی کو برقرار رکھنے میں جامعہ نے ایک اہم رول ادا کیا ہے اور جامعہ اپنے قیام کے وقت سے ہی کبھی بھی اس نے مسلم اور نان مسلم طلباء میں کوئی فرق نہیں کیا ہے اور نہ ہی اس طرح کے عناصر کو جامعہ نے کبھی اپنے نصاب میں جگہ دی ہے بلکہ جامعہ نے ایک دوسرے کے مذہب کی غلط فہمیوں کا ازالہ کرنے اور ایک دوسرے کے مذہب کے نزدیک احترام پیدا کرنے کے لئے اپنے نصاب میں ان چیزوں کو جگہ دی ہے جن کے ذریع محبت اور بھائی چارگی کا قیام ہو۔ جامعہ نے اپنے دامن میں مختلف کلچر، مختلف مذہب، مختلف زبانوں، مختلف ممالک کے طلباء کو جگہ دی ہے اور جامعہ کا ہر طالب علم اپنے ساتھیوں کے کلچر ان کی زبان انکی مذہب کو ویسی ہی عزت اور احترام دیتا ہے جیسا کہ وہ اپنے مذہب کو دیتا ہے اور جو کہ بانیان جامعہ کا خواب بھی تھا۔

جامعہ میں گنگا جمنی تہذیب کے سو سال

رواں سال جامعہ اپنے سو سال پورے کر رہی ہے جامعہ نے اپنے اس سو سالہ سفر میں تعلیم کو پھیلانے اور اس ملک کے بڑے طبقے کو تعلیم یافتہ بنانے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے جامعہ نے نہ صرف اس ملک کی تعلیمی ترقی میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے بلکہ اس نے قومی یکجہتی اور ہندو مسلم بھائی چارے کو بھی بڑھاوا دینے میں اور ساتھ ہی ساتھ اس کو برقرار رکھنے میں بھی ایک اہم رول ادا کیا ہے جامعہ میں اس بھائی چارے کی مثال ہمیں ہر تہوار میں دیکھنے کو مل جاتی ہے یہاں پر عید منائی جاتی ہے تو وہیں ساتھ ہی ساتھ یہاں ہولی اور دیوالی بھی بڑے ہی دھوم دھام سے منائی جاتی ہے رکشابندھن اور کرسمس یہاں سب کا پسندیدہ تہوار ہے یہاں پر اگر مسلم بھائی عید مناتے ہیں تو ہمارے ہندو بھایی نہ صرف انہیں عید کی مبارکباد دیتے ہیں بلکہ ان کے گھر جا کر سوئیاں بھی بڑے شوق سے کھاتے ہیں اور ہندو بھایئ اگر ہولی اور دیوالی مناتے ہیں تو مسلم بھائی بڑے چاؤ سے انھیں رنگ لگاتے ہیں اور ان رنگوں میں ڈوب کر نہ کوئی ہندو رہتا ہے نہ کوئی مسلمان بلکہ ان کی صرف یہی پہچان رہتی ہے ہندوستانی۔

جامعہ نے ہر طالب علم کو ان کے مذہب کی تعلیمات سے روشناس کرایا ہے پھر چاہے وہ ہندو ہوں یا مسلم جامعہ نے یہ اپنی ذمہ داری سمجھا ہے کہ انھیں ان کے مذہب کی اخلاق و اقدار سکھائے جائیں کیونکہ جب وہ اپنے مذہب کی تہذیب و ثقافت اور اقدار سے روبرو ہونگے تو وہ ایک اچھے شہری بنیں گے اور ساتھ ہی ساتھ وہ ایک دوسرے کو سمجھیں گے اور ان کے دلوں میں ایک دوسرے کے مذہب کے تئیں ادب واحترام پیدا ہوگا اور اس سے ایک اچھا سماج وجود میں آئے گا اور ایک اچھے سماج سے ایک اچھا ملک جامعہ نے اپنے ان سو سالوں میں جس طرح گنگا جمنی تہذیب کو باقی رکھا اسی طرح انشاء اللہ جامعہ آگے بھی قومی یکجہتی کو برقرار رکھتے ہوئے اور شر پسندوں کے خوابوں کو روندتے ہوئے اور گاندھی جی کے عدم تشدد کے خوابوں کو جیتے ہوئے لگاتار ترقی کی منزلیں طے کرے گا۔

محمد ابراہیم خان
(بی اے، سال آخر)

جامعہ اور شعبہ اسلامک اسٹڈیز

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کے الفاظ میں ''جامعہ ملیہ کا سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں کی آئندہ زندگی کا ایک ایسا نقشہ تیار کرے جس کا مرکز مذہب اسلام ہو اور اسمیں ہندوستان کی قومی تہذیب کا وہ رنگ بھرے جو عام انسانی تہذیب کے رنگ میں کھپ جائے''
(جامعہ ملیہ اسلامیہ تاریخ تحریک روایت ص ۱۳۳ ج ۱)

اسلامک اسٹڈیز شروع سے ہی جامعہ کے نصاب میں شامل رہا ہے جامعہ میں ممتاز اساتذہ نے یہ مضمون پڑھایا ہے جس میں مولانا محمد علی جوہر، مولانا محمد اسلم یراجپوری، ڈاکٹر سید عابد حسین قابل ذکر ہیں۔

۱۹۴۰ میں ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی خواہش پر سب سے پہلے مولانا عبید اللہ سندھی صاحب کے ذریعہ بیت الحکمہ نامی شعبہ بنا (جامعہ کی کہانی ص ۲۰۷) لیکن مولانا کی کمزوری کی وجہ سے یہ شعبہ زیادہ دن نہ چل سکا پھر آگے چل کر اس خلا کو پر کرنے کیلئے ۱۹۷۱ میں ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی یاد میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز کا قیام عمل میں آیا جس کا بنیادی مقصد زمانے کے لحاظ سے اسلام کی عقلی تعبیر کو عام کرنا تھا۔

اس شعبہ کی جانب سے تین مجلّے بھی نکلتے ہیں

۱۔ (اسلام اور عصر جدید (اردو)
۲۔ (اسلام اینڈ موڈرن ایج)
۳۔ ماہانہ رسالہ جامعہ)

۱۹۷۵ میں اسلامک اسٹڈیز اور عرب ایران اسٹڈیز کا قیام عمل میں آیا اور پھر ۱۹۸۸ سمیں باضابطہ شعبہ اسلامک اسٹڈیز کا قیام عمل میں آیا۔

اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات:

اسلامک اسٹڈیز پوری اسلامی تاریخ تہذیب وتمدن کا احاطہ کرتا ہے اسکے بنیادی موضوعات ہیں:

اسلامی علوم، اسلامی سماجی ومعاشی نظام، فوج انتظامیہ، مختلف اسلامی علوم وفنون کا آغاز وارتقاء، اسلامی تہذہب وثقافت، تصوف، ادب ،فنون لطیفہ اور اسلامی تہذیب وتمدن کے دوسرے کئی پہلو۔

موجودہ دور میں اسلامک اسٹڈیز کی معنویت:

آج دنیا ایک گلوبل ولیج کی حیثیت اختیار کرچکی جہاں ہر آدمی ایک دوسرے سے تعلق میں ہے ایسے حالات میں یہ ضروری ہے کہ ہم ان تمام علمی روایات کا مطالعہ کریں جو کہ اس دنیا میں ہیں تب ہی ہم دوسروں کو سمجھ سکتے ہیں اسی کے ساتھ بحیثیت مسلم ہمیں بھی اپنے علمی وراثت کو جاننا ہوگا جب تک ہم اپنے علمی روایات ووراثت کو نہ جانیں گے اس وقت تک ہم دوسروں کے علمی روایات کو بھی نہیں سمجھ سکتے۔

اسلامیات میں ہم متن پر زیادہ توجہ دیتے ہیں لیکن اسلامک اسٹڈیز میں متن کے ساتھ ساتھ سیاق وسباق پر بھی نظر رکھتے ہیں جسکے نتیجے میں ایک الگ تعبیر دین کی ہمارے سامنے آتی ہے (پروفیسر اختر الواسع صاحب کی گفتگو سے ماخوذ)

آج دنیا میں مسلمانوں کو تاریخی ومذہبی حوالے سے تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے نظریات کی یلغار ہے اسلام کو بدنام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اس کا ازالہ اسی وقت ممکن ہے جب ہم اسلام کا مطالعہ ہر حوالے سے کرینگے اور پھر جو غلط فہمیاں لوگوں کے دلوں میں ہیں اسے دور کرنے کی کوشش کرینگے

حوالہ جات:

۱۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ تاریخ تحریک روایت — از شہاب الدین انصاری

۲۔ جامعہ کی کہانی — از عبدالغفار مدہولی

jmi. Ac. In/Islamic studies3

https//:www.facebook.com/BeyondHeadlinesnews/videos/336053187812478/exclusive

Interview of prof akhtarulwasesb with javedakhtar on beyond headlines

محمد رفیع
(ایم اے سال دوم)

صحافت میں جامعہ کا کردار

انسان اپنے مافی الضمیر کو ادا کرنے کے لیے متعدد اشیاء کا استعمال کرتا ہے، کبھی زبان کے ذریعے اپنے دل کی بات بیان کرتا ہے، کبھی اشارات اور کنایات کا سہارا لے کر اپنے دل کی کیفیت بیان کرتا ہے تو کبھی کتابت کے ذریعے اپنی بات دوسروں تک پہنچاتا ہے، اسی کتابت کو اردو کی اصطلاح میں ''صحافت'' کا نام دیا جاتا ہے۔

صحافت کا معنی

''صحافت''، صحف کی جمع ہے جس کا لغوی معنی ''کتاب'' یا ''رسالے'' کے ہیں، اور اصطلاح میں ''صحافت'' ایسے مطبوعہ مواد کو کہتے ہیں جو مقررہ وقفوں کے بعد شائع ہوتا ہے، صحافت کو انگریزی زبان میں ''جرنلزم'' کہتے ہیں جو ''جرنل'' سے ماخوذ ہے اس کا معنی ''روزانہ حساب'' کے ہیں اور جو شخص ''صحافت'' کو اپنا پیشہ بنالیتا ہے اس کو ''ورکنگ جرنلسٹ'' کہا جاتا ہے۔

صحافت کی اقسام

سہولت کے لیے صحافت کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

۱۔عوامی صحافت:

جس میں وہ اخبار اور رسائل آتے ہیں جو ناخواندہ لوگوں کو فائدہ دیں یا ان لوگوں کو فائدہ دیں جو کسی دوسرے کام میں مصروف رہتے ہیں۔

۲۔معیاری صحافت

یہ صحافت ان اخبارات اور مکتوبات پر مشتمل ہوتی ہے جس میں علمی ابحاث ہوتی ہیں جس کا واسطہ خواندہ ترین لوگوں سے رہتا ہے یعنی وہ لوگ جو چہار جانب سے آنے والی خبروں سے واقفیت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

۳۔زرد صحافت

اس کے اندر ایسے خبر ہوتی ہیں جو جرائم سے متعلق ہوں مثلاً جنسی استحصال زنا بالجبر ظلم وتشدد دہشت گردی وغیرہ۔

صحافت کی ابتدائی تاریخ

اگر صحافت کی تاریخ کی بات کی جائے آئے جس کو انگریزی زبان میں جنرلزم کہتے ہیں، اس کا آغاز جوہانس گٹین برگ کے ذریعہ مانا جاتا ہے اور اس کو صحافت کا موجد قرار دیا جاتا ہے، اس کے علاوہ اگر ہندوستانی صحافت کی بات کی جائے تو اس کی ابتدا ۱۹۸۰ میں ''ہکی بنگال گزٹ'' سے ہوتی ہے جو انگریزی زبان میں شائع ہوا تھا جس کے ایڈیٹر سر جیمز اگستس تھے۔

صحافت کی اہمیت

عالمی معاملات سے باخبر ہونے کے کئی ایک ذرائع ہیں انہی میں سے ایک صحافت بھی ہے جو انسان کو عالمی حوادثات سے واقفیت دلاتا ہے اور رائے عامہ کی فہرست تیار کرتا ہے، صحافت کے ذریعے انسان کسی بھی واقعہ پر اپنی رائے قائم کرسکتا ہے اور گھر بیٹھے بیٹھے عالمی معاملات سے وابستہ ہوسکتا ہے اور آنے والے خطرات اور حوادثات کا مقابلہ کرسکتا ہے اور اپنا ذریعہ معاش تلاش کرسکتا ہے۔

جامعہ کی صحافتی خدمات سے انکار نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ جامعہ سے اٹھنے والی صحافت کی خشبو سے ہندوستان مہک رہا ہے اور جامعہ سے فارغ ہونے والے صحافی ہندوستان کے متعدد گوشوں میں اپنی خدمات پوری امانت داری کے ساتھ پیش کر رہے ہیں، اپنا فریضہ باقاعدہ طور پر ادا کر رہے ہیں اور لوگوں کو جدید معاملات سے آگاہ کر رہے ہیں۔

صحافت کے میدان میں جامعہ کا مقام

جامعہ کی صحافتی خدمات سے انکار نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ جامعہ سے اٹھنے والی صحافت کی خشبو سے ہندوستان مہک رہا ہے اور جامعہ سے فارغ ہونے والے صحافی ہندوستان کے متعدد گوشوں میں اپنی خدمات پوری امانت داری کے ساتھ پیش کر رہے ہیں، اپنا فریضہ باقاعدہ طور پر ادا کر رہے ہیں اور لوگوں کو جدید معاملات سے آگاہ کر رہے ہیں۔

انہی خدمات کے سبب جامعہ کا صحافی اسکول، صحافی شعبہ دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہے ابھی حال ہی میں ''اوٹلک میگزین'' نے جدید ترین سروے میں بیان کیا ہے کہ جامعہ کا صحافی اسکول ہندوستان کا بہترین اور ترقی یافتہ اسکول ہے، اگر اس کو اول مقام دیا جائے تو بے جا نہ ہوگا کیوں کہ اس نے کاروباری تعلیمی اداروں کی اکھل بھارتیہ درجہ بندی میں پہلا مقام حاصل کیا ہے۔

جامعہ کے چند معروف صرف صحافی

برکھادت : صحافی شعبہ سے فارغ ہونے والے لوگوں میں برکھادت کا ایک عظیم مقام ہے، ان کی پیدائش ۱۸ دسمبر ۱۹۷۱ میں نئی دہلی میں

ہوئی انہوں نے جامعہ سے ماسٹر کی ڈگری حاصل کی اوراس کے بعد تعلیمی سفر بیرونی ملک جا کر مکمل کیا ،آپ نے صحافی سفر کا آغاز ۱۹۹۱ میں کیا۔صحافی خدمات کے پیش نظر ۲۰۰۸ میں ان کو پدم شری انعام سے نوازا گیا اوراس کے بعد بہترین اینکری کے سبب انڈین ٹیلی ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔

کرن راؤ: یہ معروف اداکار عامر خان کی بیوی ہیں،ان کی پیدائش ۷ نومبر ۱۹۷۳ میں شہر بینگلور میں ہوئی،انھوں نے جامعہ سے صحافت کی ماسٹر ڈگری کے ساتھ فراغت حاصل کی۔اور یہ پانی فاؤنڈیشن کی بانی بھی ہیں۔

شازیہ علمی: ان کی پیدائش ۱۹۷۰ میں شہر کانپور میں ہوئی، ۱۹۹۴ میں انہوں نے جامعہ سے صحافت میں ماسٹر کیا اس کے بعد انہوں نے سیاست کو چنا اور بی،جے،پی،میں شامل ہوگیں۔

مونی رائے: ان کی پیدائش ۲۸ ،ستمبر ۱۹۸۵ کو بہار میں ہوئی جب یہ جامعہ میں صحافت میں ماسٹر کی طالبہ تھیں اسی اثناء یہ بالی ووڈ میں شامل ہوگیں۔

انجنا اوم کشیپ: یہ بھی ایک ہندوستانی صحافی ہیں،انھوں نے جامعہ کے ماس کمیونیکیشن سے ڈپلومہ کیا آج یہ ہندی نیوز چینل AAJTAK کی اینکر ہیں۔

نہاریکا اچاریہ: یہ ایک صحافی ہیں انھوں نے جامعہ کے ماس کمیونیکیشن ریسرچ سنٹر سے ایم ،اے،کیا اور یہ ہندوستان کے مختلف چینلز پر اینکر کے عہدے پر کام کرتی ہیں۔

محمد حسین
(ایم اے سال آخر)

اردو زبان و ادب میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی خدمات

اردو زبان کی تعریف اور خصوصیات

اردو ترکی زبان کا لفظ ہے۔اس کے معنی لشکر، سپاہی، کیمپ، خیمہ وغیرہ کے ہیں۔عہدِ مغلیہ میں یہ لفظ انہی معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ زبان کے معنی میں اس لفظ کا استعمال چنداں قدیم نہیں۔میر امن دہلوی، سرسید احمد خان اور سید احمد دہلوی (مولف فرہنگِ آصفیہ) کا یہ دعویٰ کہ اردو زبان کی ابتداء شاہجہانی لشکر (اردو) سے ہوئی اس لیے اس زبان کا نام بھی اردو پڑ گیا،

اردو زبان کی پہلی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ہندی، فارسی اور عربی کی تمام آوازیں موجود ہیں۔اردو کے حروفِ ہجا ان تینوں زبانوں کے حروفِ ہجا سے مل کر بنے ہیں۔تیسری خصوصیت یہ ہے کہ اس زبان میں دوسری زبانوں کے لفظوں اور محاوروں کو اپنانے کی بڑی صلاحیت ہے۔۔۔۔چوتھی خصوصیت یہ ہے کہ اردو کا رسم الخط ابتدا سے فارسی ہے۔

اردو ادب

ناول، افسانہ، داستان، اردو زبان پر مشتمل ادب اردو ادب کہلاتا ہے جو نثر اور شاعری پر مشتمل ہے۔نثری اصناف انشائیہ، مکتوب نگاری اور سفرنامہ شامل ہیں۔جب کہ شاعری میں غزل، رباعی، نظم، مرثیہ، قصیدہ اور مثنوی ہیں۔اردو ادب میں نثری ادب بھی اتنا ہی اہم ہے جتنا کہ شعری ادب، لیکن شاعری میں غزل اور نظم سے ہی اردو ادب کی شان بڑھی ایسا سمجھا جاتا ہے۔اردو ادب پاکستان میں مقبول ہے، بھارت میں مشہور ہے اور افغانستان میں بھی سمجھا اور پڑھا جاتا ہے۔

اردوادب کا آغاز

اردوادب کا آغاز ۱۴ ویں صدی میں شمالی بھارت میں ہوا۔اس دور میں جو بھی سلاطین تھے ان کی سرکاری زبان فارسی تھی۔اس وجہ سے اردوادب پر فارسی ادب کی چھاپ نظر آتی ہے۔اردو زبان کی اصطلاحات کے ذخیرہ کو، سنسکرت سے ماخوذ پراکرت الفاظ،عربی، فارسی زبان کے الفاظ کا مشترکہ ملاپ سمجھا جاتا ہے۔صرف زبان کا اشتراک ہی نہیں بلکہ ادبی، ثقافتی اشتراک بھی ہے۔

اردوادب کے ابتدائی ادیب

اردوادب کے آغازی دور میں حضرت امیر خسرو نام لیا جاتا ہے، یہ نہ صرف اردوادب میں بلکہ ہندی ادب میں بھی کافی اہم ادیب مانے جاتے ہیں۔اردو زبان اور اردوادب کے بانیوں میں ان کا شمار کیا جاتا ہے۔امیر خسرو فارسی، عربی، ہندی زبان میں ماہر تھے۔اردو زبان کا آغاز تھا، تو انہوں نے ان زبانوں کو مربی شکل میں اردو میں پیش کیا۔ان کے علاوہ محمد قلی قطب شاہ جو دکن سے تعلق رکھتے تھے، اردو، فارسی، عربی اور تیلگو زبانوں پر کافی اچھا عبور تھا۔یہ اردو کے پہلے صاحب دیوان شاعر تھے، ان کی کلیات "کلیاتِ قلی قطب شاہ" ہے۔تیلگو زبان میں بھی شاعری کہی۔ انہیں کی کاوشوں کے نتیجہ میں اردو زبان، ادبی زبان کی حیثیت سے جانی جانے لگی۔ان کا انتقال ۱۶۱۱ میں ہوا۔

اردوادب میں نثری ادب سے زیادہ نظمی ادب موجود ہے۔جب بات نثری ادب کی آتی ہے تو صنف داستان کی تخلیقات زیادہ ہیں۔ان داستانوں میں دیومالائی کہانیاں، قصے، کئی حالات کو بیان کرنے والی داستانیں وغیرہ۔

اردوادب میں جامعہ کا کردار

جامعہ نے ہر میدان میں ترقی کی ہے اور ایسے ایسے نایاب وجواہرات پیدا کئے ہیں جو نہ صرف ہندوستان بلکہ دنیا کے مختلف ممالک میں اپنے علم و ہنر سے دنیا کو روشناس کرا رہے ہیں اور اپنا الگ مقام پیدا کر رہے ہیں، چاہے سماجیات کا میدان ہو یا معاشیات کا، سیاسیات کا شعبہ ہو یا جرنلیزم کا، سائنس کا میدان ہو ٹیکنالوجی کا غرض یہ کی وہ ہر میدان میں اپنا سکہ جمائے ہوئے ہیں۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا قیام ایسے نازک دور میں ہوا کہ جس وقت ہندوستان کے لوگوں میں آزادی کی لہر دوڑ رہی تھی لہذا اس ادارے کا قیام ایک قومی تحریک کے طور پر ہوا۔ابتدائی مرحلہ میں اس کا آغاز اس فکر کے ساتھ ہوا کہ ہماری تعلیم برطانوی استعماری اور استبدادی طاقتوں سے آزاد ہو اور ہماری قومی زبان میں ہو اس لئے اس ادارے میں روز اول سے ہی اردو زبان کو ذریعہ تعلیم بنایا گیا اور قومی تحریک کے ساتھ ساتھ اردو زبان وادب کو فروغ دینا جامعہ کے مقاصد میں شامل رہا۔

جامعہ نے بڑے بڑے ادیب بڑے بڑے سائنس داں، مؤرخ، مصنف، محقق، مفکر، جرنلسٹ وغیرہ پیدا کئے ہیں۔تمام شعبوں کی طرح جامعہ میں ایک شعبہ اردوادب کا بھی ہے جو (ہیمونیٹیج اینڈ لینگیویج) کے فیکلٹی کے ماتحت آتا ہے

اس شعبہ کے قیام اور اول اساتذہ کرام میں ڈاکٹر سید عابد حسین، پروفیسر گوپی چند نارنگ، پروفیسر انون چشتی، پروفیسر ایم ذاکر ، پروفیسر شمیم حنفی، پروفیسر مظفر حنفی، کے علاوہ پرفیسر صغریٰ مہدی وغیرہ شامل ہیں جنہوں اپنی تدریسی اور علمی تحقیق کے ذریعہ اردو زبان وادب کے حصول میں مستقل تعاون کرتے رہے اور اپنی تصنیف و تالیف کا کام بخوبی انجام دیتے رہے۔

اس شعبہ میں بی اے اور ایم اے، اردو ڈپلومہ، پی ایچ ڈی کی تعلیم دی جاتی ہے اور اس میں مختلف سبجیکٹ پڑھائی جاتی ہے۔اس کے علاوہ اردو ماس میڈیا میں ایک سالہ پی جی ڈپلومہ کے ذریعہ طلبہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بھی فروغ دیا جاتا ہے کچھ طلباء جنہوں نے اس ڈپلومہ کورس کو

پاس کیا ہے ان لوگوں نے حالیہ ماضی میں میڈیا چینلز اور دیگر ایجنسیوں کے ساتھ ملازمت بھی حاصل کی۔ ہر سال سیکڑوں کی تعداد میں طالب علم اور اسکالرز ڈگری فراہم کرتے ہیں ،طالب علم کے کمیونکیشن اسکل کو بڑھانے کے لئے اور ان کی صلاحیت کو ابھارنے کے لئے شعبہ، فیکلٹی اور جامعہ کی طرف سے کئی پروگرام اور سیمینار کرایا جاتا ہے اور خود اردو ادب شعبہ کا اپنا ایک الگ شمارہ میگزین ہوتا ہے جس میں طلبہ اپنی قلمی صلاحیت کو ابھارنے کے لئے مضمون نگاری کرتے ہیں سالانہ میگزین ارمغان کے نام سے شائع ہوتا ہے اس کے علاوہ طالب علم کی جستجو کو برقرار رکھنے کے لئے سال میں کئی کئی بار تحریری وتقریری مکالمہ بھی کرایا جاتا ہے۔

شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ کو پوری ادبی دنیا میں قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔اس شعبے کا تحقیقی معیار ہمیشہ سے مثالی رہا ہے۔ یہاں سے زبان وادب کی عظیم شخصیات وابستہ رہی ہیں۔عصری منظرنامے پر اس شعبے کی تخلیقی، تنقیدی اور تحقیقی خدمات کو وقار واعتبار حاصل ہے۔آج جب کہ جامعہ اپنی صدی کی دہلیز پہ کھڑی ہے، اس کی صدی تقریبات کو بامعنی بنانے میں شعبہ اردو کے تین قومی اور بین الاقوامی سیمینار اور سالانہ مجلہ ارمغان کا کردار غیر معمولی ہے۔

اس شعبہ کے اسکالرز اور اساتذہ کرام آج بھی ملک وبیرونی ملک میں رہ کر اردو ادب کے فروغ میں غیر معمولی کام کو انجام دے رہے ہیں، تقریری۔تحریری، تصنیفی، تنقیدی گویا کہ ہر میدان میں اپنا ایک الگ مقام پیدا کر رہے ہیں۔

محمد یوسف نظامی
(ایم۔اے۔سال آخر)

جامعہ کی صدسالہ تاریخ کا تجزیاتی مکالمہ

ایک شاگرد کا اپنی مادر علمی" جامعہ ملیہ اسلامیہ کی صد سالہ تاریخ" کی جشن صد سالہ پر مکالماتی خط:

السلام علیکم۔۔۔۔۔۔۔

یوم پیدائش مبارک ہو۔آپ سو سال کی ہوگئیں۔

ہم یہاں خیریت سے ہیں امید ہے کہ آپ بھی خیریت سے ہوں گی۔

جب سے کرونا وائرس پردیسی بابو ہندستان میں تشریف لائے ہیں جانے کا نام ہی نہیں لے رہے ہیں تقریباً سبھی صوبوں نے مہمان نوازی کرلی ہے پھر بھی ان کی مہمانیت ابھی تک ختم نہیں ہوئی ہے۔

میں آپ کی عیادت کے لیے آنا چاہتا تھا لیکن ذرائع ابلاغ سے معلوم ہوا کہ کرونا وائرس بابو آپ کے یہاں دوبارہ مہمان بن کر تشریف لے گئے ہیں۔شاید انھیں معلوم نہیں کہ کوئی بھی آدمی تین ایام سے زیادہ مہمان نہیں رہتا ہے اس کے بعد وہ میزبان ہوجاتا ہے۔خیر رخت سفر باندھ لیا ہے انشاء اللہ جلد زیارت ہوگی۔

عرض یہ کرنا ہے کہ اس سال ایسا کیا گل آپ نے کھلایا اور ایسا آپ نے کونسا تیر مار دیا یا کسی دشمن کو آنکھ دکھایا کہ آج کل آپ کا نام ہر کسی کی زبان پر جاری وساری ہے، اتنا ہی نہیں بلکہ سوشل میڈیا خواہ پرنٹ ہو یا الکٹرانک میڈیا ہر جگہ آپ ہی کے چرچے ہیں۔لیکن ہر ایک کا انداز بیان مختلف ہیں، کہیں کوئی تیری اولادوں کو دہشت گرد، جہادی آئی ایس کہتا ہے، کوئی ٹکڑے ٹکڑے گینگ کے القابات سے نوازتا ہے اور کہیں سب تیری اور تیرے بچوں کی مدح وثناء میں زمین وآسمان کو ایک کر دیتے ہیں۔سب وہاں خیریت تو ہے؟

مادر علمی: جی بیٹے الحمداللہ میں خیریت سے ہوں۔ جہاں رہو خوش رہو آباد رہو یہ میری دعا ہے۔جس کے پاس تجھ جیسے بیٹے ہوں کوئی میرا

بال بھی بیکا نہیں کر سکتا ہے۔

دراصل بیٹا میرا وجود ہی ملک کی فلاح و بہود کی شکل میں ہوا، بس اب اور تب میں تھوڑا فرق ہے۔اس لئے ان سب افواہوں پر زیادہ دھیان مت دو اور من لگا کر پڑھائی کرو تاکہ ملک کی خدمت کے لئے خود کو تیار کرو تاکہ کل لوگ فخر سے تجھے کہیں وہ دیکھو جامعہ کا بیٹا جا رہا ہے۔اور مجھ کو تیرے ناموں سے یاد کریں کہ یہ فلاں کی ماں ہے۔

شاگرد: ماں میں نے آپ کو دیکھنے سے زیادہ آپ کے بارے میں پڑھا اور سنا ہے،لیکن پھر بھی آپ کے ہر پہلو سے واقف نہیں ہو سکا، میں اب بھی پیاسا ہوں۔ مجھے اپنی آپ کہانی سناؤ نا!

مادر علمی: میری کہانی بہت ہی دردناک ہے، نا جانے کتنے غم دامن میں چھپے ہیں، غم سے آنکھیں چھلک جاتی ہیں، کہانی کچھ یوں ہے کہ چند صدیاں قبل میرے بابا آدم کے محبوب وطن ہندوستان پر کچھ گوروں نے دھوکے سے قبضہ کر لیا تھا اور پورے ہندوستانیوں کو اپنا غلام بنا لیا تھا، دراصل برطانوی حکومت نے" رولٹ ایکٹ" نام کی ایک چال چلی، ہندوستانیوں کی ترقی کے لئے ایک نئی تعلیمی پالیسی: انگریزی تعلیم کے نام سے بنائی اور اس کے لیئے تعلیمی اداروں کو تعاون فراہم کرنے کا اعلان کیا تاکہ ہندوستانیوں کہ اعتماد کو حاصل کیا جا سکے۔اس سے ان کی منشا کچھ اور ہی تھی، اس کے پیچھے ان کا منصوبہ تھا کہ کسی طرح سے ہندوستانیوں کے قدیم رسم ورواج، ان کی تہذیبوں وثقافتوں اور ہماری تعلیمی طور وطریقے کو مٹایا جائے، اور تعلیم یافتہ طبقے کو اپنے یہاں نوکری کے نام پر غلام بنایا جا سکے۔تب ہمارے اباء واجدا نے اپنے حقوق کے لئے ان برطانوی گوروں سے جنگ کی اور اپنی جان و مال کو قربان کر کے چمن ہندستان کو غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرایا تھا۔اسی دوران چند ہندوستانی سرفروشوں نے برطانوی حکومت کی امداد لینے سے انکار کر دیا اور اس کے لیے باقاعدہ عدم تعاون نام سے ایک تحریک چلی۔اسی تحریک کے نتیجے میں مسلمانوں کو قومی تعلیم دینے کے لئے علی گڑھ کی دھرتی پر ۲۹ اکتوبر ۱۹۲۰ کو میرا جنم ہوا۔اور اسی سال اکتوبر میں سو سال کی ہو جاؤں گی۔

شاگرد: سچ ہی لکھا ہے ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے اپنی کتاب" جامعہ کیا ہے" میں کہ یہ کڑوا سچ ہے کہ حکومت نے موجودہ انگریزی تعلیم اپنی انتظامی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے شروع کی تھی، اس کا مقصد صرف اتنا تھا کہ دفتروں میں کام کرنے کے لئے انگریزی تعلیم یافتہ لوگ مل جائیں۔(جامعہ ملیہ اسلامیہ تحریک تاریخ روایت، ج ۲، ص ۳۲)۔

مادر علمی: واقعی میرے بیٹے، ڈاکٹر صاحب بہت دور اندیش شخصیت کے مالک تھے، ان کے دل میں ہر وقت قوم کا درد موج زن رہتا تھا۔وہ جانتے تھے کہ برطانیہ اس تعلیم کے ذریعہ ہندوستانیوں کو ذہنی اور جسمانی ہر اعتبار سے کھوکھلا کرنا تھا تاکہ ان میں آزادی اور ذمہ داری کا احساس پیدا نہ ہو، سب سے بڑی خرابی موجودہ تعلیم کی یہ تھی کہ تعلیم کا ذریعہ دیسی زبان کے بجائے غیر ملکی زبان تھی۔

شیخ الہند مولانا محمود حسن کے دست مبارک سے میں نے رسم بسم اللہ خوانی ادا کی یعنی جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بنیاد رکھی گئی۔

شاگرد: او میرے مستقبل کے مالک تجھے جنم بھومی سے ہجرت کرنے پر کس نے مجبور کر دیا تھا، تیرے یہ نونہالان کس خانقاہ میں وسیاساتی مسند پر جلوہ افروز تھے، جنہیں گھر سے جاتی ہوئی ماں کی ممتا پر ترس نہیں آیا ان کو ماں کے پاؤں کے چھالے بھی نظر نہ آئے؟

مادر علمی: زمانے کے تھپیڑوں نے ان کے دل ودماغ پر غلامی ومطلب پرستی کی چادر ڈال کر ان کو ان کی ہی دنیا میں مست کر دیا تھا۔ابھی میں نے اپنے قدم جمائے نہیں تھے کہ میں شدید سیاسی اور معاشی بحران کا شکار ہوئی، تو بہت ہی نیک وخیر مردم بیٹا حکیم اجمل خان کے ایما پر میں ۷ جولائی ۱۹۲۵ء کو علی گڑھ سے دہلی ہجرت کر گئی، اور قرول باغ میں چند کرائے کے عمارتوں کو لے کر نئی تعلیمی زندگی کا سفر شروع کیا۔البتہ میرے کچھ غیور بیٹوں نے بھی میرے ساتھ دلی ہجرت کی اور پھر میں دلی کی ہو کر رہ گئی، اور قرول باغ میں آہستہ آہستہ پانچ سال گزر

گئے۔اور ابھی جوانی کی دہلیز پر کھڑے ہوکر ہاتھ پیلے ہونے کی راہ دیکھ رہی تھی کہ پھر رخت سفر باندھنا پڑا۔

شاگرد: سفر ہجر بہت ہی کڑواہ ہوتا ہے،عربی کا مشہور مقولہ ہے" السفر کسقر" سفر موت کی مانند ہے۔لیکن زندگی میں کب کیا ہوجائے کسی کو کیا معلوم،زندگی کا باقی حصہ کس کے سایہ میں گزرے،اور کب خود کا چھت نصیب ہو۔؟

مادر علمی: قرول باغ کی زندگی بھی بہت طلاتم خیز تھی،کب اور کس طرح چھت کا سایہ سر سے چلا جائے ہر گھڑی یہ ڈر رہتا تھا نفسی نفسی کا عالم تھا،کب دن چڑھے یا شام ڈھلے مکان مالک دھکا مار کے کرایہ کے مکان سے نکال دے کوئی خبر نہ تھی۔بہر حال اسی کشمکش میں تقریبا میں نے اپنی زندگی کے پندرہ سال گزارے،پھر پندرہ سال بعد مجھ کو اپنی سرزمین نصیب ہوئی کہ یکم مارچ ۱۹۳۵ء کو اوکھلا گاؤں میں دہلی کے جنوبی سرے پر میرے مستقل رہائش گاہ کی عمارتوں کے تعمیر کا سلسلہ شروع ہوا۔سب سے پہلے بچوں کی بسم اللہ خوانی کے لئے مدرسہ ابتدائی کی عمارت تعمیر ہوئی،اگلے سال یہاں زندگی نے انگڑیاں لینی شروع کردی اور یہی نئی بستی جامعہ نگر کہلائی،آج پوری دنیا مجھ کو جامعہ ملیہ اسلامیہ سینٹرل یونیورسٹی کے نام سے جانتی وپہچانتی ہے۔

شاگرد: ماشاءاللہ بہت خوب،اللہ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ہمارے اوپر ماں کی ممتا تا دیر برقرار رکھے۔کافی عرصہ بعد راحت کی سانس لی۔خیر آپ کے ساتھ معمار قوم کا حسن سلوک کیسا رہا۔کیا انھوں نے آپ کا خیال رکھا،یا یوں ہی بیچ راہ میں تجھ کو تنہا چھوڑ گئے اور کیا تیری کشتی کے ناخدا اللہ کے بھروسے کشتی بھنور میں چھوڑ دیئے۔؟

مادر علمی: نہیں بیٹے،ایسی بات نہیں کرتے۔غلط بات ہے۔قوم کے معماروں نے ہی تو جامعہ نگر میں میری کافی دیکھ بھال اور دام،درم اور قدم خدمت کی۔ورنہ میں بے بس ولاچار تنہا کیا کرسکتی تھی۔دراصل جدید ہندوستان کی تاریخ میں میری تشکیل ایک قومی اور اصلاحی معنوں میں ہندوستانی یونیورسٹی کے طور پر ہوئی،گاندھی جی کی فکری قیادت میں میرے اباءاجداد نے جو منصوبہ اور خاکہ ترتیب دیا تھا اس میں جدید زندگی کے مطالبات کو مسترد کئے بغیر اپنی روایت اپنی تہذیب وتاریخ اپنی آداب زندگی اور اپنی قدروں کو اولیت حاصل تھی،مجھ کو بہت ہی کم عرصہ میں ہی ایک آدرش اور ایک مثالی قومی ادارے کی حیثیت حاصل ہوئی،میں نے اپنے ابتدائی دور میں ہندوستانی سپوتوں گاندھی جی،جواہر لال،علامہ اقبال،اور مولانا ابوالکلام آزاد کو ایک مرکز پر جمع کیا کیونکہ ان کے مقاصد وسیع اور فرقہ ورانہ مصلحتوں سے یکسر آزاد تھے۔

شاگرد: ماں آپ کو کیا لگتا ہے کہ آپ کے بیٹوں نے آپ کا خیال اچھے سے رکھا ہے،اور مصیبتوں کے ایام میں آنے والی مصائبوں کا سینہ سپر ہوکر مقابلہ کیا ہے۔؟

مادر علمی: بیٹا! میرے بیٹوں جیسا کوئی نہیں،وہ میرا ہر لمحہ خیال رکھتے ہیں،چاہے کتنے ہی مصائب ان پر آجائیں لیکن پھر بھی وہ میرے دیکھ بھال میں کمی نہیں کرتے ہیں۔

میرا سب سے اچھا ذاکر بیٹا! وہ اپنی ماں کی خدمت کے لیے پردیس سے اپنے وطن اپنی ماں کے پاس لوٹ آیا اور پھر اس نے اپنے دیگر ساتھیوں کو بھی بلالیا تاکہ ایک ساتھ مل کر ماں کا اچھا خیال رکھ سکیں۔

شاگرد: ایسا کونسا تیر ماردیا تیرے بیٹوں نے ماں! کہ تو بڑے فخر سے اپنے بیٹوں کی مدح وثناء کررہی ہے۔

مادر علمی: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میرے بیٹوں نے میرے لئے کیا کیا۔اگر آج انھوں نے میرے لئے کچھ کیا نہ ہوتا تو تم آج میرے آشیانہ میں آزاد پرندوں کی مانند سیر نہ کرتے اور نہ ہی خود کو زیور تعلیم سے آراستہ کرپاتے میرے نونہالانوں نے جس قدر میری خدمت کی اس سے بڑھ کر انھوں نے اپنے ملک ہندستان: سونے کی چڑیا" کی خدمت کی انھوں نے پیارے وطن ہندوستان کو انگریزوں کے چنگل سے

چھڑایااور اپنے بھائیوں کوغلامی کی زنجیروں سے آزاد کرایا۔

شاگرد: ہاں! یہ ہر ماں کے بیٹوں کا حق ہے کہ وہ اپنے پیارے ملک کی دیکھ بھال کریں اور ماں کے دودھ کا قرضہ ادا کریں۔رہی آپ کی بات تو آپ کے لئے کیاخدمات انجام دیں؟۔

مادرعلمی: تم میرے بارے میں پریشان مت ہو،تم جانتے نہیں کہ جب سے میں نے اس دنیامیں آنکھ کھولی ہے تب سے ہی میری دیکھ بھال کی جاتی رہی ہے، پہلے سرپروالدین کا دست شفقت رہا،اسی دوران ۱۹۲۵ میں علی گڑھ سے قرول باغ دلی بھی ہجرت کرنی پڑی، جہاں میں نے نوجوانی کے ایام گزارے پھر چند عرصہ بعدوہ مجھ سے جدا ہوگئے اوران کی جدائی سے میں پوری طرح ٹوٹ چکی تھی،لیکن میرے بچوں نے مجھ کوسہارادیا۔پھر یہاں پرانھوں نے ہی جامعہ نگر میں میرا آشیانہ" جامعہ ملیہ اسلامیہ" تعمیر کرایا پھراس میں ایک تعلیمی مشن شروع کیا، جہاں وہ اپنے بچوں کے ساتھ ساتھ قوم کے بچوں کو بھی تعلیم جیسی انمول دولت سے نوازنے کا بیڑا اٹھایااوروہ کامیاب بھی ہوئے۔

شاگرد: کیاوہ اپنے مشن میں کامیاب ہوئےاور کیسے وہ کامیاب ہوئے۔؟

مادرعلمی: ہاں! وہ اپنے مقصد میں صدفیصد کامیاب ہوئے اوران کی کامیابی کاڈنکاپوری دنیامیں بجا،یہی وجہ ہے کہ آج کل جامعہ ملیہ اسلامیہ نام کاورد ہرکسی کی زبان پر ہے۔جامعہ کامیابی کازینہ چڑھتی چلی گئی اور پھر پیچھے موڑ کر بھی نہ دیکھی اور آج یہ ہندوستان کی سنٹرل یونیورسٹیوں میں نمبرون مقام رکھتی ہے۔

یہ سلسلہ اس وقت شروع ہواجب میں جامعہ نگر میں تشریف لائی اور ۱۹۳۵ء میں پہلا اسکولی مکان تعمیر ہوا، پھر ہمیشہ کے لئے یہیں کی ہوکر رہ گئی۔اور ۱۹۳۶ میں پہلا پریس چھاپہ خانہ" جامعہ مکتبہ" قائم ہوا، مجھ کو ۱۹۶۲ میں یو جی سی گرانٹ کمیشن نے ڈیمڈ یونیورسٹی کا رتبہ عطا کیا،اور پھرایک پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۲۶ دسمبر ۱۹۸۸ کو سنٹرل یونیورسٹی کا درجہ حاصل کیا،اس کے بعد میں نے کبھی کامیابی کی پٹری چھوڑی نہیں۔۲۰۱۱ میں اقلیت کا درجہ حاصل کیا۔اس سال میرا سوواں جنم دن ہے اور یہ سال میرے لئے بہت ہی اہم ہے اس سے بڑھ کر کوئی بھی جنم دن کا تحفہ میرے لئے ہو نہیں سکتا ہے۔اس لئے کہ اس سال ۲۰۱۹ میں مجھ کو ہندوستان کی سنٹرل یونیورسٹیز میں پہلا مقام حاصل ہوا، اور میرا عالمی یونیورسٹیز میں بھی مقام بہت ہی اچھا ہوتا جارہاہے۔اس سے بڑی خوشی اور خوبصورت تحفہ میرے لئے اور کیا ہوسکتا ہے۔

شاگرد: شکریہ ماں !اپنی آپ بیتی سنانے کا۔آپ کی کہانی دامن میں بہت سارے درد چھپارکھی ہے،آپ نے اپنی پوری کتاب زندگی ہمارے سامنے رکھ دیا۔جس کو ہر کوئی مطالعہ کرسکتا ہے،اوردرس عبرت حاصل کرسکتا ہے کہ ہرڈگر پر لاکھوں رکاوٹیں ہیں مگر گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ان کو برداشت کرکے آگے بڑھنا ہے۔کیونکہ ڈر کے آگے جیت ہے،اور ہرغم کے بعدخوشی ہے۔

اغراض ومقاصد

شاگرد: ماں! کیا آپ کے یہاں کوئی منظم دستور تھا؟ جس کے مطابق تو اپنے اولاوں کی پرورش کرتی تھی، یا جس پر چل کر تیرے بیٹے اپنی دنیاو آخرت سنوار سکیں۔؟

مادرعلمی: ابتدائی دور میں میرے پاس کوئی منظم دستور نہیں تھا جس میں باقاعدہ اغراض ومقاصد وضاحت سے بیان کئے گئے ہوں،لیکن سوائے اس کے کہ میرے کفالت پسندوں یعنی شیخ الہند، مولانا محمد علی، حکیم اجمل خان اور ڈاکٹر انصاری وغیرہ کے خطبوں اورتحریروں میں جن

مقاصد کا نچوڑ ملتا ہے وہ میں نے اپنے پلو کے کونے میں گانٹھ مار لیا تھا ان میں سے چند مختصراً مندرجہ ذیل ہیں

- یہ تعلیم گاہ حکومت کے اثر سے آزاد قومی اور ملی مصالح کی پابند ہو۔
- اس کی تعلیم میں دینی اور دنیوی، قدیم وجدید عناصر کا صحیح امتزاج ہو۔
- ملک کی آزادی اور ہندوستانی قومیت کی تحریک میں حصہ لے۔
- اس میں جدید علوم مادری زبان کے ذریعہ پڑھائے جائیں

(جامعہ کی کہانی، ج ۱، ص ۱۵۔ شہید جستجو ص ۳۹)

مادرِ علمی: خود کی تعریف خود کی زبان سے اچھی نہیں لگتی ہے اگر تمہیں میری مدحت یا شخصیت کو جاننا ہے تو میرے ایک غیر مجازی دشمن سے سنو عابداللہ غازی لکھتے ہیں کہ "میں یعنی جامعہ کا قیام کسی مدرسے کا سنگ بنیاد نہیں جو کسی گورنر کے ہاتھوں رکھا گیا ہو بلکہ یہ ایک تحریک کا حصہ ہے جو علی گڑھ میں عملی شکل میں ۲۹ اکتوبر ۱۹۲۰ کو آسکا۔ اس لئے جامعہ کے اغراض ومقاصد پر غور کرنے سے زیادہ ان اسباب پر غور کریں جن کی وجہ سے جامعہ کا قیام عمل میں آیا۔ (ایضاج ۱، ص ۶۶)

میرے پیارے ابوجان حکیم اجمل خان نے اولین جلسہ تقسیم اسناد کے موقع پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ" جامعہ کے ذریعہ ایسے مسلمان بیٹوں کو پیدا کرنا ہے جو اپنے مذہب سے صرف واقف ہی نہیں بلکہ اس پر سختی سے عامل بھی ہوں، جو اپنے ماضی سے آشنا اور مستقبل سے آگاہ ہوں، وہ جدید علوم سے ضرور واقف ہوں لیکن اسلامی طرز زندگی کا نمونہ ہوں۔ (ایضاج ۱، ص ۶۷)"۔

جامعہ کی قومی تعلیمی پالیسی

شاگرد: ماں! میں نے سنا ہے کہ ماں کبھی اپنے بیٹوں میں بھید بھاو نہیں کرتی ہے، لیکن آپ کو کیا ہو گیا ہے کہ لوگ شکایت کرتے ہیں کہ جامعہ ماں غیر قوموں کے بیٹوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش نہیں آتی ہیں۔

مادرِ علمی: استغفراللہ، میں نے کبھی اپنے اور غیر قوم کے بیٹوں میں بھید بھاو نہیں کیا، یہ مجھ پر سراسر الزام ہے۔ آخر میں بھی ماں ہوں ایسا کیوں کروں گی، جس طرح وہ اپنے والدین کے بیٹے ہیں اسی طرح میرے بھی ہیں اگر چہ روحانی ہی صحیح، پر وہ میرے بیٹے ہیں، وہ میرے گھر میں تعلیم حاصل کرتے ہیں اور میرے بیٹوں کے دوست ہیں پھر میں کیسے ان میں بھید بھاو کرسکتی ہوں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ میری مجلس تاسیس نے اپنے پہلے ہی جلسے میں کچھ ایسے فیصلے لیے تھے جو تعلیمی پالیسی کی حیثیت رکھتے ہیں جو میرے مسلم بچوں کے لئے وراثت کی حیثیت رکھتیے ہیں تا کہ مستقبل میں کوئی میرے گھر سے میرے بچوں کو نکال نہ پھینکے۔ لھذا اسی کی روشنی میں مولانا محمد علی جوہر صاحب نے مسلمانوں کی قومی تعلیم کی اسکیم بنائی تھی وہ یہ تھی۔

- جامعہ ملیہ اسلامیہ میں غیر مسلم طلبہ کو بھی داخل کیا جائے گا۔
- ہر طالب علم کو اس کے اپنے مذہب کی تعلیم دی جائے گی۔
- مسلمان طلبا کو عربی زبان سیکھائی جائے اور ہندو طلبا کو سنسکرت۔
- اردو ذریعہ تعلیم ہوگی اور انگریزی کی تعلیم ثانوی زبان کی حیثیت سے دی جائے گی۔
- نظری تعلیم کے ساتھ پیشہ ورانہ تعلیم کا بھی انتظام کیا جائے گا۔
- ہر صوبے کے اسکول اور کالج کا جامعہ سے الحاق ہو اور ان کی نگرانی کے فرائض انجام دی جائے۔

حاصل کلام

قارئین: اگراس کی روشنی میں عصر حاضر میں مادر علمی جامعہ کا تنقیدی جائزہ لیں تو حتی الامکان اپنے مقاصد کے مطابق جامعہ ترقی کی منزلیں طے کرتا نظر آ رہا ہے، مثلا جامعہ کی تعلیم کا ذریعہ اردو ہے البتہ اس میں ہندی اور انگریزی کو بھی شامل کرلیا گیا ہے لیکن انگریزی زبان کو اولیت حاصل ہے، ہر طالب علم کو ان کے مذاہب کی تعلیم دی جاتی ہے، بہت سے مدارس ملحق ہیں، جامعہ کو سینٹرل یونیورسٹی کا درجہ بھی مل گیا جو ان کے بانیان کی خواہش تھی کہ جامعہ ایک مسلم نیشنل یونیورسٹی بنے۔ پیشہ ورانہ تعلیم بھی فراہم کی جاتی ہے، ہر مذہب کے طلبا کو داخلہ ملتا ہے۔ مختصر یہ کہ جس مقصد کے تحت بانیان جامعہ نے جامعہ کا قیام کیا وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جامعہ ان تمام مقاصد کو پورا کرتے ہوئے بڑی تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

حوالاجات

(۱)	جامعہ ملیہ اسلامیہ: علمی اور تہذیبی وراثت	ڈاکٹر ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز
(۲)	جامعہ کی کہانی ح اول	عبدالغفار مدہولی
(۳)	شہید جستجو	ضیاء الحسن فاروقی
(۴)	ڈاکٹر ذاکر حسین شخصیت ومعمار	قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
(۵)	افکار ذاکر	اختر الواسع وفرحت احساس
(۶)	جامعہ ملیہ اسلامیہ تحریک وروایت	

فرحا تبسم
(ایم اے)

ملک کی تعمیر و ترقی میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کا کردار

ناقابل فراموش

آج سے تقریباً ایک صدی قبل جب علی گڑھ کی جامع مسجد میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی علامتی سنگ بنیاد رکھی جارہی تھی تو شاید یہ کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ رہا ہوگا کہ آگے چل کر اپنے محسنوں کی تخیلات کا یہ ادارہ قوم کی اُمیدوں اور اُمنگوں کا محور بن جائے گا۔ جامعہ کے قیام کی تحریک جتنی دلچسپ ہے اُتنی ہی حیرت انگیز بھی۔ دو یکسر مختلف الخیال اور متضاد نظریات کی حامل فکر گاندھی جی کی ایماء پر جامعہ کے قیام کے لیے متحد ہوگئی تھیں۔

ایک طرف سامراج مخالف اسلامی قوتیں تھیں جو خلافت تحریک کی قیادت کر رہی تھیں تو دوسری جانب مغربی تعلیم یافتہ سیکولر دانشوروں کا وہ طبقہ تھا جو تحریک عدم تعاون کی نمائندگی کرتا تھا۔ ایک نے مسجد اور مدرسوں کی چٹائیوں پر زانوئے تلمذ تہہ کیا تھا تو دوسرے نے مغرب کے جدید اعلیٰ تعلیمی اداروں سے فراغت حاصل کی تھی۔ اسلامی فکر اور سیکولر نظریات کا اتنا حسین امتزاج تاریخ نے اس سے پہلے اور اس کے بعد کبھی نہیں دیکھا، اور یہ ہی ملک کے مستقبل کی ترقی میں اہم ذریعہ تھا۔

> اسلامی فکر اور سیکولر نظریات کا اتنا حسین امتزاج تاریخ نے اس سے پہلے اور اس کے بعد کبھی نہیں دیکھا، اور یہ ہی ملک کے مستقبل کی ترقی میں اہم ذریعہ تھا۔

ملک کی تمام جامعات میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کو کئی معنوں میں ایک منفرد مقام حاصل ہے اور یہی انفرادیت جامعہ کو ملک کے دیگر تعلیمی اداروں سے ممتاز بھی بناتی ہے۔ جامعہ کی ایک سب سے اہم انفرادیت تو یہ ہے کہ جامعہ کا قیام ملک کے

دیگر تعلیمی اداروں کی طرح منصوبہ بند طریقے سے کسی تعلیمی ادارے کے قیام کے مہم کا نتیجہ نہیں تھا بلکہ اس کے قیام کے سیاسی اور اصولی محرکات تھے جو علی گڑھ کالج کے سیاسی اور نظریاتی موقف سے اختلاف کے نتیجے میں پیدا ہوئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ جامعہ غالباً ملک کی پہلی یونیورسٹی ہے جو تعلیمی تحریک نہیں بلکہ سیاسی اختلافات کے نتیجے میں وجود میں آئی تھی۔ اور جو چیز جامعہ کو دیگر اداروں سے ممتاز بناتی ہے وہ اس کا یہ پیغام ہے کہ اختلاف رائے اور روایت شکنی سے نئی مثبت راہیں نکالی جاسکتی ہیں اور اس کے خوشگوار نتائج بھی برآمد ہو سکتے ہیں۔ اور یہاں جامعہ ملک کو ایک ایسا پیغام دیتا ہے جس میں سیاسی ترقیوں کی رنگینیاں ہیں۔

ہاں میں دیارِ شوق، شہرِ آرزو جامعہ ملیہ اسلامیہ ہوں۔ ہندوستان کی تاریخی اور عظیم یونیورسٹی، تحریک آزادی میں حصہ لینے والی، کارہائے نمایاں انجام دینے والی، تحریک آزادی کے متوالوں کا مسکن، سیکولرازم کا پاسدار، ہزاروں مجاہدین آزادی کو پروان چڑھانے والی، شیخ الہند محمود حسن کے خوابوں کی تعبیر، مولانا محمد علی جوہر کی حب الوطنی سے سرشار، ذاکر حسین کے مقاصد کی تکمیل، ہندوستانی مسلمانوں کی آن بان اور شان، حکیم اجمل خان کا شجر ثمر دار، ڈاکٹر مختار احمد انصاری کا خون جگر، مہاتما گاندھی کا پسندیدہ ادارہ جامعہ ملیہ اسلامیہ ہوں۔ میری بنیاد ۱۹۲۰ میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی مسجد میں جہاں چمنستان سید کے روح رواں آرام فرما ہیں، رکھی گئی۔ پھر ۱۹۲۵ میں دہلی کے قرول باغ میں مجھے منتقل کیا گیا؛ لیکن جگہ کی قلت، طلبا کی کثرت اور ایک عظیم تر مقصد کی خاطر مجھے یکم مارچ ۱۹۳۵ کو جنوبی دہلی کے اوکھلا میں منتقل کیا گیا، جہاں اب پوری آب و تاب اور جوش و ولولے کے ساتھ ملک وقوم کی خدمت انجام دے رہی ہوں اور رہتی دنیا تک اسی شان و شوکت سے ملک، آئین اور سیکولرازم کی پاسداری کرتی رہوں گی۔ میرے قیام سے لے کر اب تک کئی حالات مجھ پر آئے لیکن میں بادِ سموم سے کبھی گھبرائی نہیں اور حالات کا مقابلہ کرتی رہی، کبھی میرے اقلیتی کردار کو چیلنج کرنے کی کوشش کی گئی، کبھی میرے نام سے اسلامیہ لفظ ہٹانے کا مشورہ دیا گیا، آزادی ہند کے بعد تقسیم ہند کے المناک مناظر دیکھے، جس وقت پورا ہندوستان جل رہا تھا، جامعہ اپنی لائبریری کی ساٹھ لاکھ کتابوں کے نذر آتش ہوجانے کے بعد بھی امن و امان قائم رکھے ہوئے تھی جبھی گاندھی جی کو کہنا پڑا کہ تشدد کے دور میں بھی جامعہ امن کے لیے سہارا کا نخلستان بنا ہوا ہے۔

ہاں میں وہی جامعہ ملیہ اسلامیہ ہوں جس کا مقصد واضح کرتے ہوئے میرے پہلے وائس چانسلر نے کہا تھا کہ ’’جامعہ کا سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ وہ ہندوستان کے مسلمان کی آئندہ زندگی کا ایک ایسا نقشہ تیار کرے جس کا مرکز مذہب اسلام ہو اور اس میں ہندوستان کی قومی تہذیب کا وہ رنگ بھرے جو عام انسانی تہذیب کے رنگ میں رنگ جائے، جامعہ کا دوسرا مقصد یہ ہے کہ ہندوستانیوں کی آئندہ زندگی کے اس نقشے کو سامنے رکھ کر ان کی تعلیم کا مکمل نصاب بنائے اور اس کے مطابق ان کے بچوں کو جو مستقبل کے مالک ہیں تعلیم دے، علم محض روزی کی خاطر جو ہمارے ملک کی جدید تعلیم کا اصول ہے اور علم محض علم کی خاطر جو قدیم تعلیم کا اصول تھا دونوں نظریے بہت تنگ اور محدود ہیں، علم کو زندگی کی خاطر سکھلانا جامعہ کا مقصد ہے جس کے وسیع دائرے میں مذہب، حکمت، صنعت، سیاست اور معیشت سب کچھ آجاتا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ ہمیشہ سے ہی ملک کی تعمیر و ترقی میں نمایاں کردار ادا کرتا رہا ہے اور آگے بھی کرتا رہیگا۔۔" جے ہند"

راحت امام
(ایم اے، سال دوم)

فلمی دنیا میں جامعہ کی خدمات

